Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## انتخابات کے التوا کی غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری قرارداد کی منظوری کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے ایوانِ بالا سے انتخابات کے التوا کی غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری قرارداد کی منظوری کو نہایت شرمناک قرار دے کر مسترد کر دیا۔ اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد دستور 90 روز کی آئینی مدت میں انتخاب کے انعقاد کے حوالے سے بالکل واضح اور دوٹوک ہے۔

عدالتِ عظمیٰ انتخابات کے مقررہ تاریخ یعنی 8 فروری کو صاف شفاف انعقاد کا واضح حکم دے چکی ہے۔

ملک کا مستقبل دستور و جمہوریت کی اصل شکل میں بحالی اور انتخابات کے مقررہ تاریخ پر صاف شفاف انعقاد سے جُڑا ہوا ہے۔

تحریک انصاف انتخابات کے انعقاد میں ایک روز کی تاخیر بھی برداشت نہیں کرے گی۔

عدالتِ عظمیٰ انتخابات کے التوا کی کوششوں کا نوٹس لے اور ان کے مؤثر تدارک کا اہتمام کرے۔

ترجمان تحریک انصاف